www.KitaboSunnat.com
© rasailojaraid.com

رازؔ کاشمیری

بدلا نظامِ قیصر و کسریٰ کو سربسر

قلب و نظر میں آپؐ ہی رہتے ہیں جلوہ گر
دنیا و دیں میں آپؐ کا اُسوہ ہے راہ بر

معیارِ حق ہے آپؐ کی ہر بات، ہر عمل
نا معتبر تمام جہاں، آپؐ معتبر

فاراں کی چوٹیوں سے جو جلوہ نما ہوا
کرنیں اس آفتاب کی پہنچیں نگر نگر

اُن کا وجود رحمتِ عالم ہے بالیقیں
ان کا وجود عالمِ رحمت ہے سربسر

خلقِ خدا میں آپ ہیں بے مثل و بے مثال
دونوں جہاں سے آپؐ کا رُتبہ بلند تر

بخشی حیات و موت کی انساں کو آگہی
بدلا پھر اس کی سوچ کا ہر نقطۂ نظر

توڑا تمیزِ بندہ و آقا کا بُت کدہ
بدلا نظامِ قیصر و کسریٰ کو سربسر

ہے رنگ و نور نکہت و مستی کا اک جہاں
کہتا ہوں جس میں نعتِ نبیؐ جھوم جھوم کر

جو دل بھی اُن کی یاد سے بیگانہ ہو گیا
وہ دل نہیں ہے رازؔ، حقیقت میں ہے کھنڈر

© rasailojaraid.com
محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ